(جلد دوم)

مناقب اہل بیتؑ

مشہور عربی کتاب

اَلْقَطْرَۃُ مِنْ بِحَارِ مَنَاقِبِ النَّبِی وَالْعِتْرَۃِ

کا ترجمہ

مولف

آیت اللہ سید احمد مستنبط قدس سرہ

مترجم

حجتہ الاسلام مولانا ناظم رضا عترتی

ناشر

ادارہ منہاج الصالحین

جناح ٹاؤن ٹھوکر نیاز بیگ، لاہور فون: 5425372

کل الحقوق محفوظۃ

نام کتاب .... مناقب اہل بیتؑ (جلد دوم)

مولف .... آیت اللہ سید احمد مستنبط قدس سرہ

مترجم .... حجۃ الاسلام مولانا ناظم رضا عترتی

اہتمام .... مولانا ریاض حسین جعفری (فاضل قم)

ناشر .... ادارہ منہاج الصالحین لاہور

پروف ریڈنگ .... غلام حیدر چودھری

ہدیہ .... =/200 روپے

"یا علیؑ! بنو امیہ اپنی محافل میں تجھ پر لعنت کریں گے اور ایک فرشتہ اس لعنت کے بدلے میں ان پر ہزار لعنت کرے گا اور جب حضرت قائمؑ قیام کریں گے تو چالیس سال تک ان پر لعنت کریں گے" (اثبات الھداۃ: ۳/ ۴۹۶ حدیث ۲۹۰)

ہمشکل رسولؐ

(۵۷۴/ ۶۱) نعمانی اپنی کتاب غیبت ص ۲۱۴ میں روایت کرتے ہیں کہ امیر المومنینؑ نے اپنے بیٹے امام حسینؑ کی طرف دیکھا اور فرمایا: یہ میرا بیٹا قوم کا سید اور سردار ہے۔جیسے کہ رسول خداؐ نے اسے سید کے نام سے پکارا ہے۔خدا اس کی نسل سے ایک بچہ پیدا کرے گا جس کا نام پیغمبر اکرمؐ والا نام ہوگا۔شکل، اخلاق، اچھی عادات اور کردار میں ان کی طرح ہوگا اور وہ اس زمانے میں خروج کرے گا۔جب لوگ غافل ہوں گے اور حق وحقیقت کا کہیں نام ونشان نہ ہوگا، ہر طرف ظلم وستم کا بازار گرم ہوگا اور خدا کی قسم اگر خروج نہ کرے گا تو اسے قتل کردیں گے۔

ویفرح لخروجه اهل السموات وسكانها وهو رجل اجلى الجبين اقنىٰ الانف ضخم البطن ازيل الفخذين بفخذه اليمنى شامة ،افلج الثنايا يملأ الارض كما ملئت ظلماً وجوراً

"اہل آسمان اس کے خروج سے خوش ہوں گے اس کی پیشانی چوڑی، باریک ناک، پیٹ بڑا، موٹے ران، اور اس کے دائیں ران پر تل کا نشان ہوگا۔اوراس کے دانت ایک دوسرے سے جدا جدا ہوں گے اور وہ زمین کو عدل سے پر کردے گا جیسے وہ ظلم سے بھر چکی ہوگی"

(بحارالانوار: ۵۱/ ۳۹ حدیث ۱۱۹ اثبات الھداۃ ۳/ ۵۳۸ حدیث ۴۹۳)

(۵۷۵/ ۶۲) کعب الاحبار کہتا ہے: حضرت مہدیؑ صورت وسیرت، شان وشوکت اور رعب ودبدبہ کے لحاظ سے حضرت عیسیٰؑ بن مریمؑ کے ساتھ مشابہت رکھتے ہیں۔